نیوز ریلیز

پیشہ ورانہ تعلیم طلباء کو کامیابی کیلئے تیار کرتی ہے

29 اکتوبر، 2024ء میڈیا انکوائریز

البرٹا کی حکومت گریڈ 10، 11 اور 12 کے طلباء کو ان کے مستقبل کی ابتدا کرنے میں مدد دینے کیلئے کیریئر ایجوکیشن پروگرامنگ میں توسیع کر رہی ہے۔

طلباء ایسے تعلیمی راستوں کو اختیار کرنے کے حقدار ہیں جو انہیں البرٹا کی بڑھتی پھولتی ہوئی معیشت میں پوسٹ سیکنڈری ایجوکیشن، تجارتی عہدوں اور معنی خیز پیشوں میں مستقبل کیلئے تیار کریں گے۔ البرٹا کے نوجوانوں کو مستقبل کی ابتداء کرنے میں مدد دینے کیلئے، البرٹا کی حکومت صوبے بھر کے طلباء کیلئے پیشہ ورانہ تعلیم کے مواقع بڑھانے کو جاری رکھے ہوئے ہے۔

صوبے کے تعلیمی نظام میں پیشہ ورانہ تعلیم کو سپورٹ کرنے کے البرٹا حکومت کے مینڈیٹ کے ذریعے، حکومت 55 نئے پروگراموں کو سپورٹ کرنے اور 2024ء - 25ء کے تعلیمی سال کیلئے 22 موجودہ پروگراموں میں اضافہ کرنے کیلئے تقریباً 4.9 ملین ڈالر دوہرا کریڈٹ گرانٹس (dual credit grants) مہیا کر رہی ہے۔ یہ پروگرام صوبے بھر کے 58 اسکول حکام میں طلباء کیلئے دستیاب ہیں۔

"ہم طلباء کو ان کی تعلیم کے دوران پیشہ ورانہ راستوں کی کھوج لگانے اور ان کیلئے جدوجہد کرنے کا ہر موقع فراہم کرنے کیلئے پُرعزم ہیں۔ دوہرا کریڈٹ پروگرامنگ کیلئے یہ نئی فنڈنگ اپنے جذبوں کی کھوج لگانے اور ان کیلئے جدوجہد کرنے میں طلباء کی مدد کرے گی، یہ سب کچھ قیمتی مہارتیں اور پوسٹ سیکنڈری کریڈٹ حاصل کر کے اپنے مستقبل کی ابتداء کرنے میں انہیں مدد دے گا۔"

ڈیمیٹریوس نکولیڈِز (Demetrios Nicolaides)، وزیرِ تعلیم

"صحت کی نگہداشت میں معاونت (Health care aides) البرٹا کے صحت کی نگہداشت کے نظام کا ایک لازمی جُزو ہے۔ صحت کی نگہداشت میں معاونت کی دوہرا کریڈٹ پروگرامنگ طلباء کو صحت کی نگہداشت میں اپنے پیشے کو جلد شروع کرنے اور ہمارے صوبے کی صحت کی نگہداشت کی افرادی قوت میں داخل ہونے اور اسے مضبوط بنانے کیلئے درکار مہارتوں کو حاصل کرنے کا ایک قیمتی موقع فراہم کرتی ہے۔"

ایڈری آنا لاگرینج (Adriana LaGrange)، وزیرِ صحت

دوہرا کریڈٹ پروگرام کی فنڈنگ طلباء کو ہنر مند تجارتوں میں معنی خیز اپرنٹس شپ کے طور طریقوں پر، اور زراعت میں، صحت کی نگہداشت اور بہت سے دوسرے معنی خیز پیشوں کی جانب گامزن کرے گی۔ دوہرا کریڈٹ پروامنگ میں یہ توسیع اسکول کے حکام کو اس قابل بنائے گی کہ وہ اپنے طلباء کی ان کی دلچسپیوں اور جذبوں کے مطابق اختیار کئے جانے والے پیشوں کے راستوں اور پوسٹ سیکنڈری مواقع کیلئے جدوجہد کرنے میں مدد کر سکیں۔

"ہم کیتھولک اسکولوں میں دوہرا کریڈٹ ایجوکیشن پروگرامنگ میں توسیع کرنے کے عزم کیلئے حکومتِ البرٹا کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ اکٹھے مِل کر، ہم اپنے نوجوانوں کو ایسے آلات سے آراستہ کر رہے ہیں جن کی انہیں تیزی سے ترقی کرتی ہوئی معیشت میں کامیاب ہونے کیلئے ضرورت ہے۔ دوہرا کریڈٹ پروگرامنگ ہمارے ہائی اسکولوں کے طلباء کو اپنے پیشوں میں دلچسپیوں کی کھوج لگانے اور ان پر استوار کرنے کی قوت عطا کرتی ہے، اور انہیں اپنی پوری صلاحیت تک پہنچنے کی راہ پر گامزن کرتی ہے۔

برائن سملس (Bryan Szumlas)، چیف سپرنٹینڈینٹ، کیلگری کیتھولک اسکول ڈسٹرکٹ

"ہم اس گرانٹ کیلئے شکرگذار ہیں، جو ہمیں اگلے سمیسٹر میں صحت کی نگہداشت میں معاونت کے کورس کی پیشکش کر کے اپنی دوہرا کریڈٹ پروگرامنگ میں توسیع کی اجازت دیتا ہے۔ یہ پروگرام مزید طلباء کو صحت کی نگہداشت کے راستوں کی کھوج لگانے، ہائی اسکول اور پوسٹ سیکنڈری کریڈٹس حاصل کرنے اور پیشوں میں کامیابی کیلئے درکار مہارتیں حاصل کرنے کا موقع فراہم کرے گا جو البرٹا کے مستقبل کیلئے بہت ضروری ہیں۔"

سینڈرا پلاٹزو (Sandra Palazzo)، بورڈ چیئر، ایڈمنٹن کیتھولک اسکولز

دوہرے کریڈٹ کے پروگرام پوسٹ سیکنڈری اسکولوں کے ساتھ شراکت داری میں چلائے جاتے ہیں یا وہ اپرنٹس شپ ایجوکیشن کے طور طریقوں کے مطابق ہوتے ہیں اور عوام میں موجود طلباء، جداگانہ، فرانکوفون، چارٹر، فرسٹ نیشنز اور آزاد اسکولوں کے نظام میں دستیاب ہیں۔ یہ پروگرام گریڈ 10، 11 اور 12 میں پڑھنے والے طلباء کو پیشے پر مبنی کورس فراہم کرتے ہیں تاکہ وہ دونوں ہائی اسکول کریڈٹس اور وہ کریڈٹس حاصل کر سکیں جو پوسٹ سیکنڈری سرٹیفیکیٹ، ڈپلومہ یا ڈگری میں شمار ہو سکیں۔

فوری حقائق

- 2019ء سے، اسکولوں کے حکام کو دوہرا کریڈٹ کی پروامنگ کیلئے 18.6 ملین ڈالر فراہم کئے جا چکے ہیں۔
- اسکولوں کے حکام دوہرے کریڈٹ کے نئے پروگراموں کی ابتداء کرنے کے اخراجات میں مدد کیلئے 50,000 ڈالر تک اور دوہرے کریڈٹ کے موجودہ پروگراموں کو بڑھانے کیلئے 100,000 ڈالر تک وصول کرتے ہیں۔
- اس سال البرٹا ایجوکیشن دوہرے کریڈٹ کے پروگراموں کیلئے 4.3 ملین ڈالر کی فنڈنگ فراہم کر رہی ہے۔
- البرٹا ہیلتھ 77 فنڈ کئے گئے پروگراموں میں سے صحت کی نگہداشت کی معاونت کے دوہرے کریڈٹ والے پروگراموں کی مدد کیلئے 550,000 ڈالر فراہم کر رہی ہے۔
- 2013ء اور 2023ء کے درمیان، تقریباً 83,000 ہائی اسکول کے طلباء نے دوہرے کریڈٹ والے کم از کم ایک کورس میں حصہ لیا۔

متعلقہ معلومات

- دوہرا کریڈٹ – اسکول کے حکام کیلئے اسٹارٹ اَپ فنڈنگ
- دوہرا کریڈٹ – اسکول کے حکام کیلئے اضافی فنڈنگ
- دوہرے کریڈٹ کے جائزے کا ایڈوائزری گروپ

متعلقہ خبریں

- البرٹا کی جاب مارکیٹ میں طلباء کو فوری آغاز کروانا (5 جون، 2024ء)
- طلباء کیلئے مزید پیشہ ورانہ تعلیم (9 اپریل 2024ء)

میڈیا انکوائریز

کیون لِی (Kevin Lee)

587-785-4366
پریس سیکریٹری، البرٹا ایجوکیشن